سوال

(505)عازف ومزامیر کے پرزے بیچنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص معازف ومزامیر کے پرزے بیچتا ہے آیا یہ بیع وشرا جائز ہے یا حرام ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معازف ومزامیر چوں کہ خود جائز نہیں جیسا کہ حدیث میں آیا ہے، آنحضرتصلی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے ان کے توڑنے کا حکم ہے اس لئے ان کے پرزوں کی بیع وشرا بھی جائز نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص453

محدث فتویٰ